# FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION H-8/4, ISLAMABAD

No.1-10/FBISE/RES/652 30 August, 2024

**Subject: IMPLEMENTATION OF ASSESSMENT FRAMEWORKS AND MODEL QUESTION PAPERS DEVELOPED ON NATIONAL CURRICULUM OF PAKISTAN (NCP) 2022-2023**

In continuation to this office Notifications bearing No.1-10/FBISE/RES/383 dated 14 March 2024 and No.1-10/FBISE/RES/422 dated 19 March 2024 on the subject of Implementation of National Curriculum of Pakistan (NCP) 2022-23, Assessment Frameworks, Model Question Papers along with SLOs Alignment Charts and Tables of Specifications (ToS) at SSC-I and HSSC-I levels in the subjects of English Compulsory, Urdu Compulsory, Pakistan Studies (SSC-I), Islamiyat Compulsory (HSSC-I), Physics, Chemistry, Biology, Mathematics and Computer Science are hereby uploaded on FBISE Website www.fbise.edu.pk. The Weblink is https://fbise.edu.pk/curriculum_model_paper.php .

2. It is important to note that the Assessment Frameworks which contain all the SLOs of the curriculum 2022-23 will guide students, teachers and paper setters. Students will receive clear instructions on how to prepare for examinations. Teachers will use the Frameworks to understand what to teach in class and to prepare their students for the final examinations. Similarly, paper setters will use these documents for guidance in creating examination papers. It may be noted that the SLOs of Summative Assessment mentioned in the Assessment Frameworks will be included in the Final Board Examinations, whereas the SLOs of Formative Assessment will NOT be included in the Final Board Examinations; however, they will be part of teaching-learning activity in the class.

3. It is reiterated that the examinations of all the above mentioned subjects will be based on Student Learning Outcomes (SLOs) given in the respective curriculum (Assessment Frameworks) instead of textbooks. Educational institutions, students and teachers may consult the books of publishers reviewed by National Curriculum Council available on its Weblink https://ncc.gov.pk/SiteImage/Misc/files/Annexures.pdf. Moreover, the institutions are free to rely on any other valid and reliable instructional/reference material to fulfil the instructional requirements of the SLOs of these subjects.

**( MIRZA ALI )**
Director (Research and Academics)
Ph: 051-9269504
Email: director@fbise.edu.pk

Heads of all Institutions affiliated with FBISE
at SSC & HSSC levels

Distribution:

1. Director General, Federal Directorate of Education, G-9/4, Islamabad
2. Director General, FGEI, Directorate (Cantonments/ Garrisons), Sir Syed Road, Rawalpindi Cantt
3. Assistant Chief of the Air Staff (Education), PAF Air Headquarters, Peshawar
4. Director General (Schools), Directorate of Education Gilgit-Baltistan
5. Director Education, Directorate of Naval Educational Services, Naval HQ, Islamabad
6. Deputy Director General (DDG), Army Public Schools and Colleges System Secretariat, GHQ, Rwp
7. Director, CB Education Directorate, C/o Chaklala Cantonment Board, Rawalpindi
8. Director (Education), Fauji Foundation Head Office, Welfare Division, Chaklala, Rawalpindi
9. Director General, OPF Head Office, G-5, Islamabad
10. Director Education, PAEC Headquarter, K-Block, Islamabad (with the request to circulate in their educational institutions)
11. Director Education, Kahuta Research Laboratory (KRL), Kahuta, District Rawalpindi
12. Mrs. Sakina Fowad Bukhari, Principal, City Lyceum School House No.394 St.No.4, Gulraiz-3 near Madina Mall, High Court Road, Rawalpindi
13. Mr. Muhammad Ashraf Hiraj, Principal, Startwell Education House No.9, Main Khayban-e-Tanveer Chaklala Scheme-III, Rawalpindi Cantt
14. The Director Regional Office (North), Beaconhouse Regional Office (North), Capital View Road, Mohra Nur, Banigala, Islamabad
15. The Director, Punjab Group of Colleges, 6th Road, Rawalpindi

***Page Continue …***

16. The Director Regional Office (North), The City School, Street 7, NPF, Sector E-11/4, Islamabad
17. Roots International Schools and Colleges, Head Office, Main Service Road West, Opp. G-13/4, IBD
18. Brig Dr. Muhammad Hanif (R), SI(M), Principal, Dr. A Q Khan School & College, Bahria Town, Phase 8, Islamabad
19. The Citizen Foundation, Plot No. 20, Sector # 14, Near Brookes Chowrangi, Korangi Industrial Area, Karachi
20. All HODs, FBISE, Islamabad
21. Director IT (with the request to upload the same on FBISE website and social media)
22. Deputy Director (Colleges), Directorate of Education, Sakwar, Gilgit-Baltistan
23. Deputy Controller of Exams (Strong Room), FBISE, Islamabad
24. Incharge, FBISE, Sub-Office, Gilgit
25. Incharge, FBISE, Sub-Office, Skardu
26. PA to Chairman, FBISE, Islamabad
27. APS to Secretary, FBISE, Islamabad
28. Chat Room. FBISE, Islamabad

# اسیسمنٹ فریم ورک اور ماڈل پیپر

اردو (لازمی) گیارہویں۔بارہویں

نیشنل کریکولم

2022-2023














فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ
اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد

**WE WORK FOR EXCELLENCE**

فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

اسلام آباد

# اسیسمنٹ فریم ورک

برائے

## اردو (لازمی) گیارہویں۔بارہویں

## کریکولم ۲۰۲۲-۲۳ء

# اظہارِ تشکر

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری کے سلسلے میں تشکیلی و حتمی جانچ اور اُردو مضمون کے جن ماہرین نے مسلسل محنت کی۔ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. محترم حفیظ الرحمان، پرنسپل، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز G-13/2 اسلام آباد
2. محترم امجد اقبال، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز G-10/4 اسلام آباد
3. ڈاکٹر محسن علی عابدی، ایسوی ایٹ پروفیسر، او پی ایف بوائز کالج، H-8/4 اسلام آباد
4. ڈاکٹر نصرت جبین، وائس پرنسپل، فوجی فاؤنڈیشن گرلز کالج، لالہ زار راولپنڈی
5. محترمہ کشور ناہید، صدر شعبہ اردو، آرمی پبلک سکول اینڈ کالج، حمزہ کیمپس، راولپنڈی
6. محترمہ سمیرا شاہمین، ماہر مضمون، آرمی پبلک سکول اینڈ کالجز ڈائریکٹوریٹ، راولپنڈی

اس مؤقر و مؤثر پراجیکٹ کی تکمیل، چیئرمین وفاقی تعلیمی بورڈ جناب سید جنید اخلاق کی نگرانی اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہ تھی۔اس سلسلے میں وفاقی تعلیمی بورڈ کا شعبہ ریسرچ کی کاوشیں خصوصی طور پر لائق تحسین ہیں خاص طور پر سید ذوالفقار شاہ، ڈپٹی سیکرٹری، ریسرچ اینڈ اکیڈمکس کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں ان کا فعال اور کلیدی کردار رہا ہے۔

**مرزا علی**

**ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ اکیڈمکس**

# اسیسمنٹ فریم ورک اردو ۲۳-۲۰۲۲ء

وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد امتحانی نظام کو بدلتی دنیا کے جدید تر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر کمربستہ ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے گاہے گاہے ایسے عملی اقدامات بھی اٹھائے جاتے ہیں جیسا کہ قومی نصاب اور حاصلات تعلم کی روشنی میں امتحانی پرچہ جات کی تیاری کو خصوصی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ ہماری اس کوشش کو طلبہ، اساتذہ، ماہرین مضمون اور تعلیمی اداروں کی جانب سے سراہا بھی جارہا ہے۔ اس تمام تناظر میں یہ بات خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد وطنِ عزیز کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرفہرست ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسالائحہ عمل ترتیب دیا جارہا ہے کہ جس پر عمل پیرا ہونے سے طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچوں کے ممتحنین کسی قسم کے ابہام کا شکار نہ رہیں گے۔

یہ امر ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد نے جماعت گیارہویں، بارہویں کے لیے اسیسمنٹ فریم ورک یعنی امتحانی نقطہ نظر سے تشکیلی (Formative Assessment) وحتمی جانچ (Summative Assessment) کا ایک ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعزاز حاصل کیا ہے یہ اپنی نوع میں پاکستان کی سطح پر ایک نیا تجربہ ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ موجودہ قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کو اس طرح عملی طور پر لاگو کیا جائے کہ طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے ممتحنین (Paper Setters) کو سالانہ امتحان کی تیاری کے سلسلے میں اپنے اپنے شعبے میں مکمل رہ نمائی دستیاب ہو جائے۔ طلبہ اس بات سے آگاہ ہوں کہ انھوں نے کیا پڑھنا ہے اور اساتذہ کرام کو پتا ہو کہ سالانہ امتحان کی ضرورت کے تحت انھوں نے کیا پڑھانا ہے جب کہ امتحانی پرچے کی تیاری میں بھی یہ فریم ورک مکمل طور پر مددومعاون ثابت ہو۔ اس طرح تشکیلی وحتمی جانچ کا یہ ہمہ جہت خاکہ یا ڈھانچہ ایک مکمل رہ نما کا کردار ادا کرے گا۔

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں تشکیلی وحتمی جانچ اوراُردو مضمون کے ماہرین اور تجربہ کار اساتذہ نے حصہ لیا۔ قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کا گہرائی اور عمیق النظری سے مطالعہ کیا گیا. محنت، لگن اور توجہ کے ساتھ تمام حاصلات تعلم کا احاطہ کرتے ہوئے یہ فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔

# تشکیلی جانچ (Formative Assessment)

تشکیلی جانچ (Formative Assessment) تعلیمی عمل کا ایک اہم عنصر ہے، جو طلبہ اور معلمین دونوں کے لیے جماعت (Class Room) میں ہونے والے تدریسی عمل اور تعلم کا موثر جائزہ پیش کرتا ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ سیکھنے سکھانے کے عمل سے جڑی ہوتی ہے جو کہ طلبہ کی فہم اور تدریسی عمل کی کارکردگی اور کارآمد ہونے کو پرکھتے ہوئے آئندہ کی تدریسی حکمت عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ میں سند (Certificate) کا اجرا نہیں کیا جاتا بلکہ اس کا بنیادی مقصد تعلم کے موثر یا غیر موثر ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہوتا ہے۔

تشکیلی جانچ کا بنیادی مقصد تعلم کے عمل میں رہ جانے والی خامیوں کی نشان دہی کرنا ہوتی ہے تاکہ بروقت اقدامات کر کے ان کی تلافی کی جاسکے اور پڑھانے کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ یہ مؤثر اور متحرک طریقہ کار اساتذہ کرام کو اپنے طلبہ کی نصابی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنے تدریسی تعامل میں بہتری لانے کے لئے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ذہنی آزمائش کے سوالوں یا کلاس میں بحث و مباحثہ کے ذریعے اساتذہ کرام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلاس کے کتنے بچے کسی ایک مخصوص موضوع کو سمجھنے میں کتنی دقت محسوس کر رہے ہیں اور کتنی نئ معلومات اور اضافی توضیحات کے ساتھ یا کسی تدریسی تعامل کی مدد سے اپنے موضوعِ تدریس پر نظر ثانی کی کسی حد تک ضرورت ہے۔ تدریسی عمل کی یہ لچک مطالعاتی مواد کی ہمہ جہت اور گہری تفہیم کے لئے بہت ضروری ہوتی ہے۔ تشکیلی جانچ کی مختلف صورتیں ہیں جس میں کمرہ جماعت میں بحث و مباحثہ، مشاہدات اور زبانی سوالاً جواباً جیسے غیر روایتی دوستانہ طریقے شامل ہیں۔

تشکیلی جانچ کا تنوع اساتذہ کرام کے لیے مختلف النوع ترجیحات کا دروازہ کھول دیتا ہے تاکہ سیکھنے کے سفر میں تمام طلبہ مشغول اور مصروف کار رہیں۔ تشکیلی جانچ جماعت (Class Room) میں سیکھنے کے عمل کے ساز گار ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔

تشکیلی جانچ ایک ایسا طاقت ور پیمانہ ہے جسے موثر طریقے سے نافذ العمل کر کے سیکھنے سکھانے کے عمل کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ یہ طلبہ اور اساتذہ کے لئے بصیرت افروز ثابت ہوتی ہے اور ایک ایسا ساز گار ماحول تخلیق کرتی ہے جس میں سیکھنے سکھانے کا عمل دوچند ہو جاتا ہے۔

# حتمی جانچ(Summative Assessment)

حتمی جانچ(Summative Assessment) تعلیمی سرگرمیوں کا ایک ایسا بنیادی عنصر ہے جسے ایک مخصوص تدریسی دورانیے (سیشن) کے اختتام پر طلبہ کے تعلم اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ تشکیلی جانچ کے برعکس حتمی جانچ ایک ایسے پیمانے اور میزان کا کام دیتی ہے جس سے اس بات کی صراحت ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے کتنا اور کیا کچھ سیکھا ہے۔ حتمی جانچ کا انعقاد کسی سبق، نصاب یا تدریسی عمل کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حتمی جانچ کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ممکن ہو سکا ہے ۔ حتمی جانچ کا بنیادی مقصد تدریس و تعلم کی مجموعی کارکردگی کی پرکھ کرتے ہوئے اس کی سند(Certificate) کا اجرا ہوتا ہے۔ حتمی جانچ اکثر اوقات تحریری امتحانات کی شکل میں ہوتی ہے ۔اس جانچ کے ذریعے طلبہ کسی مخصوص مضمون میں یا تمام مضامین میں وقت کے مخصوص دورانیئے عموماً سال کے آخر میں اپنی تعلیمی کارکردگی و صلاحیت کی بنیاد پر سند (Certificate) حاصل کرتے ہیں۔

حتمی جانچ طلبہ کی تدریجی کارکردگی، سندیافتگی یا تدریس و تعلم کی مختلف سطحوں پر درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ حتمی جانچ کے نتائج کے اشاریوں سے ہمیں تدریسی حکمتِ عملی اور نصاب کے حوالے سے مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ حتمی جانچ کے نتائج کا تجزیہ کرنے سے ماہرینِ تعلیم کو مستقبل کے تدریسی عمل میں بہتری لانے کا موقع میسر آتا ہے جس سے وہ تدریس و تعلم کی خوبیوں، خامیوں اور رجحانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

طلبہ کی مجموعی کارگردی کا جائزہ مہیا کرتے ہوئے حتمی جانچ، تدریس و تعلم میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے جب کہ یہ اپنی اہمیت اور تعامل کے حوالے سے تشکیلی جانچ سے مختلف ہوتی ہے۔ تعلیمی کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے حتمی جانچ ایک نہایت ضروری پیمانہ ہے۔ حتمی جانچ طلبہ کی کارکردگی میں مجموعی بہتری لانے میں بہت موثر اور اہم کردار ادا کرتی ہے۔

# NATIONAL ASSESSMENT FRAMEWORK URDU(Compulsory)

## Curriculum / SLOs Bifurcation 2022-23

## Class 11th – 12th

<table>
<tr><td colspan="3">مہارت:(الف)سننا</td></tr>
<tr><td colspan="3">معیار:(الف) مختلف سمعی ذرائع سے سنی جانے والی اُردو پر اپنی توجہ، فہم اور ادراک سے معانی کا اکتساب اور اظہار رائے۔</td></tr>
<tr><td colspan="3">حد تدریج</td></tr>
<tr><td>Remarks</td><td>جماعت بارھویں</td><td>جماعت گیارھویں</td></tr>
<tr><td>مہارت "سننا": تشکیلی جانچ<br>یہ مہارت روزمرہ تدریسی عمل کے دوران جانچی جائے گی تاہم یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہوگی۔</td><td colspan="2">• منثور اور منظوم کلام (واقعات، کہانی، تقریر، شاعری، تشریحات وغیرہ) کی حسن وقبح کے ساتھ سماعت کرنا اور رائے دینا۔<br>• کلام سن کر ادبی، مجازی اور اصطلاحی مفاہیم تک رسائی حاصل کر کے بیان کرنا۔<br>• روزمرہ بول چال میں اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور وغیرہ سن کر ان کا تجزیہ کرتے ہوئے بہتری کی تجاویز دینا۔<br>• ذرائع ابلاغ سے نشریات وغیرہ سن کر ان کا تجزیہ اور تنقید کرنا۔</td></tr>
<tr><td colspan="3">مہارت:(ب)بولنا</td></tr>
<tr><td colspan="3">معیار:(ب) درست قواعد، تلفظ اور زبان کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مکمل جملوں میں مختلف صورت حال کے مطابق گفتگو، اپنے مؤقف، مدعا، رائے (مافی الضمیر) کا مدلل بیان، کسی موضوع پر چند جملے یا مربوط اور منظم تقریر</td></tr>
<tr><td colspan="3">حد تدریج</td></tr>
<tr><td></td><td>جماعت بارھویں</td><td>جماعت گیارھویں</td></tr>
<tr><td>مہارت "بولنا": تشکیلی جانچ<br>یہ مہارت روزمرہ تدریسی عمل کے دوران جانچی جائے گی تاہم یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہوگی۔</td><td colspan="2">• منثور اور منظوم کلام کو اپنے حسن وقبح کے ساتھ روزمرہ بول چال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) میں ربط و تسلسل سے مدلل انداز میں پیش کرنا۔<br>• کسی موضوع پر اپنے خیالات اور مافی الضمیر کو تقریر اور خطبہ دینے کے اصولوں کے مطابق درست لب و لہجے اور انداز کے ساتھ پیش کرنا۔<br>• منظوم و منثور کلام / ذرائع ابلاغ کی نشریات وغیرہ کا استحسان و تنقید کے ساتھ تجزیہ کرنا۔</td></tr>
</table>

## مہارت:(ج) پڑھنا

**معیار:** (ج) حروف، الفاظ، جملوں اور تحریر کی پہچان اور ادراک، تحریر کی صحیح تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھائی اور سوالات کے مربوط جوابات

### حدِ تدریج

| جماعت گیارھویں | جماعت بارھویں | |
|---|---|---|
| • استحسانی اور تنقیدی نقطۂ نظر سے عبارت (نظم ونثر) پڑھنا۔<br>• منتخب طریق سے مطالعے کی عادت اپنانا<br>• علم بیان، علم بدیع اور منتخب شعری محاسن کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے موازنے اور تبصرے میں استعمال۔ | | **نوٹ: اس مہارت (پڑھنا) کے چند حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے جب کہ دیگر حاصلات تعلم کی تشکیلی جانچ دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔** |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت گیارھویں | جماعت بارھویں | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-11-C-[03]<br>SLO: U-12-C-[03] | Summative | [03-ب] متن (نظم ونثر) کے فہم کا اظہار کرتے ہوئے ذاتی اور معاشرتی زندگی سے تعلق قائم کر سکیں۔ | [03-ب] متن (نظم ونثر) کے فہم کا اظہار کرتے ہوئے ذاتی اور معاشرتی زندگی سے تعلق قائم کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-C-[05]<br>SLO: U-12-C-[05] | Summative | [03-ب] مختلف تحاریر (روداد، سفر نامہ، رپورٹ) پڑھ کر ان کے مقاصد کی ترجمانی کر سکیں۔ | [03-ب] مختلف تحاریر (خطوط اور مضامین) پڑھ کر ان کے مقاصد کی ترجمانی کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| | Formative | [03-ب] مختلف تحاریر (، اداریے، خبریں، اشتہار) پڑھ کر ان کے مقاصد کی ترجمانی کر سکیں۔ | --------- | **یہ حاصل تعلم تشکیلی جانچ کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-C-[08]<br>SLO: U-12-C-[08] | Summative | مختلف نثری اصنافِ ادب (کہانی، داستان، افسانہ، ڈراما اور ناول) پڑھ کر ان کے ادبی اسلوب میں امتیاز کر سکیں۔ | مختلف نثری اصنافِ ادب (کہانی، داستان، افسانہ، ڈراما اور ناول) پڑھ کر ان کے ادبی اسلوب میں امتیاز کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-C-[10]<br>SLO: U-12-C-[10] | Summative | پڑھے گئے متن کے کسی حصے کو دہراتے ہوئے حوالوں اور دلائل کے ساتھ اظہار رائے کرتے ہوئے متعلقہ حصے پر جزئیات کے ساتھ تبصرہ پیش کر سکے۔ | پڑھے گئے متن کے کسی حصے کو دہراتے ہوئے حوالوں اور دلائل کے ساتھ اظہار رائے کرتے ہوئے متعلقہ حصے پر جزئیات کے ساتھ تبصرہ پیش کر سکے۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-C-[15]<br>SLO: U-12-C-[15] | Summative | غزل کی شاعری میں مطلع، مطلع ثانی اور مقطع کو شناخت کر سکیں اور ان کے استعمال کی اہمیت واضح کر سکیں۔ | غزل کی شاعری میں مطلع، مطلع ثانی اور مقطع کو شناخت کر سکیں اور ان کے استعمال کی اہمیت واضح کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-11-C-[16]<br>SLO: U-12-C-[16] | Summative | کسی بھی نثر پارے / نظم میں موضوعات کی شناخت کرتے ہوئے مصنف اور قارئین کے نقطہ نظر کے ساتھ اس کی وضاحت کے لئے اپنی رائے کا اظہار کر سکیں۔ | کسی بھی نثر پارے / نظم میں موضوعات کی شناخت کرتے ہوئے مصنف اور قارئین کے نقطہ نظر کے ساتھ اس کی وضاحت کے لئے اپنی رائے کا اظہار کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-C-[17]<br>SLO: U-12-C-[17] | Summative | کسی بھی نظم کو پڑھ کر حوالوں کے ساتھ اس کے اشعار کی تشریح کرتے ہوئے تنقید و تبصرہ کر سکیں۔ | کسی بھی نظم کو پڑھ کر حوالوں کے ساتھ اس کے اشعار کی تشریح کرتے ہوئے تنقید و تبصرہ کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-C-[28]<br>SLO: U-12-C-[27] | Summative | متن پڑھ کر خیالات، آرا اور روّیوں کا آپس میں تعلق سمجھتے ہوئے اس پر تبصرہ و تجزیہ کر سکیں۔ | متن پڑھ کر خیالات، آرا اور روّیوں کا آپس میں تعلق سمجھتے ہوئے اس پر تبصرہ و تجزیہ کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |

**نوٹ: "پڑھنا" مہارت کے درج کیے گئے حاصلات تعلم (SLOs) کے علاوہ دیگر حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔ ان کی جانچ اساتذہ کرام دوران تدریس کریں گے۔ تشکیل جانچ کے حاصلات تعلم یہ ہیں۔**

**جماعت گیارہویں:** SLO: U-11-C-[1] [2] [4] [6] [7] [9] [11] [12] [13] [14] [18] [19] [20] [21] [22] [23] [24] [25] [26] [27]

**جماعت بارہویں:** SLO: U-11-C-[1] [2] [4] [6] [7] [9] [11] [12] [13] [14] [18] [19] [20] [21] [22] [23] [24] [25] [26]

## مہارت: (د) لکھنا

**معیار:** (د) الفاظ و تراکیب، جملوں اور عبارت کی درست قواعد اور ترتیب کے ساتھ افسانوی و غیر افسانوی اور روز مرہ تحاریر میں مہارت سے استعمال، مربوط، رواں اور موزوں انداز میں مختلف تحریروں کی ساخت اور اصناف کی مناسبت سے اپنے مشاہدات، خیالات، معلومات اور احساسات کی تحریری پیش کش۔

### حد تدریج

| جماعت گیارھویں | جماعت بارھویں | |
|---|---|---|
| • سیکھی گئی مہارتوں کا استعمال کرتے ہوئے تحریری صلاحیت کا مظاہرہ کرنا<br>• تحریر میں معانی کی وضاحت کے لیے علاماتِ اوقاف اور قواعد کی مہارتوں کو بر محل استعمال کرنا<br>• مصنفین / شعرا کے پس منظر میں افسانوی و غیر افسانوی تحاریر پر تجزیاتی رائے قائم کرنا اور تنقید و تبصرہ کرنا<br>• حوالوں کے ساتھ، مدلل اور معیاری زبان و بیان میں مرکزی خیال / خلاصہ / تشریح / تبصرہ / تجزیہ / موازنہ وغیرہ تحریر کرنا<br>• کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، خط، مکالمہ، رپورٹ، کالم، تبصرہ، تجزیہ، تقریر اور درخواست وغیرہ لکھنا۔<br>• | | **مہارت "لکھنا": حتمی جانچ**<br>**یہ مہارت روزمرہ تدریسی عمل کے دوران جانچی جائے گی نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ بھی ہو گی۔** |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت گیارھویں | جماعت بارھویں | |
|---|---|---|---|---|

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **اس حاصل تعلم کی جانچ روز مرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** | مختلف تحریری سر گرمیوں میں الفاظ کی درست املا کا خیال رکھتے ہوئے تحریری کام پر نظر ثانی اور ادارت (پروف ریڈنگ) کر سکیں۔ | مختلف تحریری سر گرمیوں میں الفاظ کی درست املا کا خیال رکھتے ہوئے تحریری کام پر نظر ثانی اور ادارت (پروف ریڈنگ) کر سکیں۔ | Formative | SLO: U-11-D-[01]<br>SLO: U-12-D-[01] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق روزمرّہ، ضرب الامثال اور محاورات کا استعمال کرتے ہوئے مرکب جملے تحریر کر سکیں۔ | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق روزمرّہ، ضرب الامثال اور محاورات کا استعمال کرتے ہوئے سادہ جملے تحریر کر سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[02]<br>SLO: U-12-D-[02] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[03]<br>SLO: U-12-D-[03] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر اس کے اہم نکات کا خلاصہ لکھ سکیں۔ | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر اس کے اہم نکات کا خلاصہ لکھ سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[04]<br>SLO: U-12-D-[04] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف / شاعر اور قاری کے نقطہ ءِ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف / شاعر اور قاری کے نقطہ ءِ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[05]<br>SLO: U-12-D-[05] |
| **اس حاصل تعلم کی جانچ روز مرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** | مختلف اقتباسات (انگریزی سے اردو) کے اصل معانی و مفہوم اور مقاصد کو بر قرار رکھتے ہوئے تراجم کر سکیں۔ | مختلف اقتباسات (انگریزی سے اردو) کے اصل معانی و مفہوم اور مقاصد کو بر قرار رکھتے ہوئے تراجم کر سکیں۔ | Formative | SLO: U-11-D-[06]<br>SLO: U-12-D-[06] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | مضمون نویسی کے مختلف انداز تحریر (بیانیہ، مدلل، بحثی، تفصیلی اور تحقیقی و تنقیدی) کو مد نظر رکھتے ہوئے مختلف موضوعات کو قلم بند کر سکیں۔ | --------- | Summative | SLO: U-11-D-[07]<br>SLO: U-12-D-[07] |
| **اس حاصل تعلم کی جانچ روز مرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** | مختلف اصنافِ ادب (منظوم و منثور) کی ڈرامائی تشکیل کر سکیں۔ | مختلف اصنافِ ادب (منظوم و منثور) کی ڈرامائی تشکیل کر سکیں۔ | Formative | SLO: U-11-D-[08]<br>SLO: U-12-D-[08] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | رسمی و غیر رسمی خطوط، دعوت نامے، تہنیت نامے کی تحریری یا برقی (ای میل) تشکیل کر سکیں۔ | درخواست تحریر کر سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[09]<br>SLO: U-12-D-[09] |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **اس حاصل تعلم کی جانچ روزمرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** | ضرورت کے مطابق متعلقہ معلومات فراہمی کے لیے مختلف فارم مثلاً: دفتری، صحافتی، عدالتی دستاویزیں پُر کر سکیں۔ | ضرورت کے مطابق متعلقہ معلومات فراہمی کے لیے مختلف فارم مثلاً: دفتری، صحافتی، عدالتی دستاویزیں پُر کر سکیں۔ | Formative | SLO: U-11-D-[10]<br>SLO: U-12-D-[10] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | ---------- | رپورتاژ، تجزیاتی رپورٹ اور یادداشت کے درمیان فرق کو سمجھتے ہوئے ان کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[11]<br>SLO: U-12-D-[11] |
| **اس حاصل تعلم کی جانچ روزمرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** | کسی بھی رسمی یا غیر رسمی تحریر (کالم، خبر، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں۔ | کسی بھی رسمی یا غیر رسمی تحریر (کالم، خبر، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں۔ | Formative | SLO: U-11-D-[12]<br>SLO: U-12-D-[12] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | منتخب اقتباسات کی تلخیص نویسی کر سکیں۔ | منتخب اقتباسات کی تلخیص نویسی کر سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[13]<br>SLO: U-12-D-[13] |
| **اس حاصل تعلم کی جانچ روزمرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** | مختلف سامعین اور مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۳۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔ | مختلف سامعین اور مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۳۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔ | Formative | SLO: U-11-D-[14]<br>SLO: U-12-D-[14] |
| **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** | ہدایات و اشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | ہدایات و اشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | Summative | SLO: U-11-D-[15]<br>SLO: U-12-D-[15] |
| **اس حاصل تعلم کی جانچ روزمرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** | مختلف ادبی شخصیات کی مرقع نگاری کر سکیں۔ | مختلف ادبی شخصیات کی مرقع نگاری کر سکیں۔ | Formative | SLO: U-11-D-[16]<br>SLO: U-12-D-[16] |

**مہارت: (ہ) قواعد / زبان شناسی**

**معیار:** (ہ) زبان کے تکنیکی پہلوؤں (یعنی قواعد / علم بیان، صنائع اور بدائع، شعری محاسن) کا عملی زندگی (تحریر اور تقریر) میں درست اور بروقت استعمال۔

**حد تدریج**

| جماعت گیارھویں | جماعت بارھویں | |
|---|---|---|

- جملوں / اشعار کی تقطیع / ترکیب نحوی کرنا۔
- سادہ اور مشکل یعنی گہرے معانی والے جملوں کے اجزا کی شناخت کرنا، ان کے بروقت اور درست استعمال کی اہمیت کو سمجھنا اور تحریر و تقریر میں استعمال کرنا۔
- تحریر کو صحت رفتار کے ساتھ پیش کرنا (اس درجے پر موجود وسیع ذخیرہ الفاظ اور قواعد کا تحریر و تقریر میں بر محل اور متوازن استعمال کرنا)۔
- تحریر میں رموز او قاف اور اعراب کا درست استعمال کرنا۔
- ادبی تحاریر میں علم بیان، صنائع بدائع اور شعری محاسن کی شناخت کرنا اور استحسان و تنقید کے لیے ان کا استعمال کرنا۔

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت گیارھویں | جماعت بارھویں | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-11-E-[01]<br>SLO: U-12-E-[01] | Summative | | واحد جمع (جمع مکسر اور جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔<br>جمع الجمع کا تحریر میں بر محل استعمال کر سکیں | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[02]<br>SLO: U-12-E-[02] | Summative | تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے زبان میں ہونے والی تبدیلیوں کو روزمّرہ گفت گو اور تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔ | | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[03]<br>SLO: U-12-E-[03] | Summative | متضاد الفاظ کی جوڑیاں شناخت کرتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[04]<br>SLO: U-12-E-[04] | Summative | مترادف الفاظ کو شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔ | | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[05]<br>SLO: U-12-E-[05] | Summative | | تراکیب لفظی کی شناخت کر سکیں اور اس کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنی تحریر میں اس کا استعمال کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[06]<br>SLO: U-12-E-[06] | Summative | | تشابہات کو نظم / نثر کے ربط و تسلسل اور تاثر سے شناخت کرتے ہوئے اس کا بر محل استعمال کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[07]<br>SLO: U-12-E-[07] | Summative | | ذو معانی الفاظ / جملوں / فقروں کا تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-11-E-[08]<br>SLO: U-12-E-[08] | Summative | [08-الف]حروفِ فجائیہ: تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کرتے ہوئے استعمال کر سکیں۔ | [08-ب]حرفِ ربط حرفِ جار، حرفِ اضافت، حرفِ استفہام حروفِ عطف، حروفِ تردید، حروفِ شرط و جزا، حروفِ علت، حروفِ اضراب، حروفِ بیان اور حروفِ تشبیہ کو تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[09]<br>SLO: U-12-E-[09] | Summative | | علامتِ اوقاف استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ، ترچھا خط، علامتِ شعر، علامتِ تخلص اور علامت مصرع) کو پہچان کر درست کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[10]<br>SLO: U-12-E-[10] | Summative | مرکبِ تام اور مرکبِ ناقص<br>[10-الف]مرکبِ ناقص کی اقسام (توصیفی، اضافی، عطفی) کے فرق کو سمجھتے ہوئے تحری میں استعمال کر سکیں۔ | [10-ب]مرکبِ مصادر بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[11]<br>SLO: U-12-E-[11] | Formative | [11-الف]الفاظ و معنی سے واقفیت اور ان کے انتخاب میں لغت اور تھیسارس کا استعمال کر سکیں۔<br>[11-ب]درست تلفظ کی فہم کے لیے اعراب کا استعمال کر سکیں۔ | [11-الف]الفاظ و معانی سے واقفیت اور ان کے انتخاب میں لغت اور تھیسارس کا استعمال کر سکیں۔<br>[11-ب]درست تلفظ کی فہم کے لیے اعراب کا استعمال کر سکیں۔ | **اس حاصل تعلم کی جانچ روزمرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[12]<br>SLO: U-12-E-[12] | Summative | سابقوں اور لاحقوں کا تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[13]<br>SLO: U-12-E-[13] | Summative | جملے کی ساخت، بناوٹ، روزمّرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ | جملے کی ساخت، بناوٹ، روزمّرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[14]<br>SLO: U-12-E-[14] | Formative | محاورات اور ضرب الامثال کے استعمال سے تخلیقی تحاریر میں معنویت اور معیار کو بڑھا سکیں۔ | محاورات اور ضرب الامثال کے استعمال سے تخلیقی تحاریر میں معنویت اور معیار کو بڑھا سکیں۔ | **اس حاصل تعلم کی جانچ روزمرہ تدریسی عمل کے دوران کی جائے گی۔ نیز یہ حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ نہیں ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[15]<br>SLO: U-12-E-[15] | Summative | نظم بہ لحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، ہجو، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ، مثنوی) کی شناخت کر سکیں۔ | نظم بہ لحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، ہجو، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ، مثنوی) کی شناخت کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[16]<br>SLO: U-12-E-[16] | Summative | نظم بہ لحاظِ ہئیت (غزل، مخمس، مسدس) میں امتیاز کر سکیں۔ | نظم بہ لحاظِ ہئیت (غزل، مخمس، مسدس) میں امتیاز کر سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-11-E-[17]<br>SLO: U-12-E-[17] | Summative | نظم / غزل کے عناصر (مصرع، مصرع اولیٰ، مصرع ثانی، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع، مطلع ثانی) کو شناخت کر سکیں اور ان کا شاعرانہ استعمال سمجھ سکیں اور شاعری میں اس کے استعمال کے فہم کو وسعت دے سکیں۔ | نظم / غزل کے عناصر (مصرع، مصرع اولیٰ، مصرع ثانی، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع، مطلع ثانی) کو شناخت کر سکیں اور ان کا شاعرانہ استعمال سمجھ سکیں اور شاعری میں اس کے استعمال کے فہم کو وسعت دے سکیں۔ | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |
| SLO: U-11-E-[18]<br>SLO: U-12-E-[18] | Summative | اصنافِ نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان**<br>• استعارہ اور ارکانِ استعارہ<br>• تشبیہ اور ارکان تشبیہ<br>• کنایہ<br>• مجاز مرسل | اصنافِ نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بدیع**<br>• تلمیح<br>• رعایت لفظی<br>• صنعت مراعات النظیر<br>• حسن تعلیل<br>• صنعت مبالغہ<br>• صنعت تکرار | **یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔** |

# اردو (لازمی) برائے گیارھویں جماعت

## (قومی نصاب 2022-23)

## فہرست مصنفین، شعرا اور موضوعات برائے اردو ادب

| گیارھویں جماعت | | | |
|---|---|---|---|
| افسانوی وغیر افسانوی ادب | ذیلی تقسیم | انتخابی متن / اقتباسات | |
| نثر | سیرت نگاری | اخلاقِ نبوی ﷺ | شبلی نعمانی |
| | افسانہ | نیا قانون | سعادت حسن منٹو |
| | | تاریخ کا کفن (سندھی ادب سے ترجمہ) | امر جلیل |
| | ڈراما | دہلیز (اقتباس) | امجد اسلام امجدؔ |
| | ناول | اور پاکستان بن گیا (آنگن) | خدیجہ مستور |
| | آپ بیتی | ایک استاد عدالت کے کٹہرے میں | اشفاق احمد |
| | مکتوب | علاء الدین علائی / ہر گوپال گوہر تفتہ | مرزا غالبؔ |
| | مضمون | فاقے میں روزہ | خواجہ حسن نظامی |
| | | پاکستانی زبانیں اور ان کا باہمی رشتہ | محمد رشید / ممتاز منگلور |
| | انشائیہ | چارپائی | رشید احمد صدیقی |
| شاعری | نظم | حمد   کس کا نظام راہ نما ہے اُفق اُفق | حفیظ تائبؔ |
| | | نعت   اے رسولِ امیں خاتم المرسلیں۔۔۔ | سید نفیسؔ شاہ |
| | | خدا کرے کہ مری ارضِ پاک پر اترے | احمد ندیمؔ قاسمی |
| | | اے وادی لولاب | علامہ اقبالؔ |
| | | کھڑاڈنر | سید محمد جعفریؔ |
| | | آزادی | احسان دانشؔ |
| | | رحمانؔ بابا (گیت کا انتخاب) | ترجمہ: پروفیسر محمد طہٰ خان |
| | غزل | میر تقی میرؔ | پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے |
| | | فراقؔ | سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں |
| | | منیرؔ نیازی | بے چین بہت پھرنا، گھبرائے ہوئے رہنا |
| | | احمد فرازؔ | سلسلے توڑ گیا وہ سبھی جاتے جاتے |
| | | پروینؔ شاکر | بادباں کھلنے سے پہلے کا اشارہ دیکھنا |

## ہدایات برائے گیارھویں جماعت

### حصہ اوّل معروضی (کل نمبر20)

**سوال نمبر1:** مہارت قواعد / زبان شناسی وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل ہیں، کے مطابق 20 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔

### حصہ دوم (کل نمبر48)

**سوال نمبر2: جز (الف): حصہ نثر** **6×4=24**

نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 150 سے 200 الفاظ پر مشتمل ہو گی جو گیارھویں جماعت کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ہونی چاہیے۔ اس عبارت سے گیارھویں جماعت کے حاصلات تعلم کی روشنی میں 6 سوالات بنائے جائیں گے اور آخری سوال میں انتخاب کا حق ہو گا۔ یہ عبارت قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل مصنفین کے مجوزہ موضوعات / تحریروں / متون سے دی جائے گی۔

**جز (ب): حصہ نظم** **3×4=12**

اس حصہ میں دیے گئے تین اشعار پر مشتمل ایک نظمیہ جز قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل شعرا کی نظمیہ شاعری سے لیا جائے گا اور حاصلات تعلم کی روشنی میں 3 سوالات بنائے جائیں گے۔ آخری سوال میں انتخاب کا حق دیا جائے گا۔

**جز (ج): حصہ غزل** **1×4=04**

اس حصے میں قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل شعرا کی غزلیہ شاعری سے دو اشعار لیے جائیں گے جن میں سے 02 سوالات بنائے جائیں گے۔ ان میں سے ایک سوال کرنا ہو گا۔

**جز (د): حصہ قواعد / زبان شناسی** **2×4=08**

اس حصے میں قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل قواعد / زبان شناسی کی مہارت کے حاصلات تعلم کا احاطہ کرنے والے 02 سوالات دیے جائیں گے اور آخری سوال میں انتخاب کا حق دیا جائے گا۔

### حصہ سوم (کل نمبر32)

**سوال نمبر3:** اس سوال میں مناسب طوالت کی ایسی دو نثری عبارات دی جائیں گی جن میں کم از کم چھے سے آٹھ نکات وضاحت طلب ہوں۔ ان میں سے ایک عبارت کی تشریح کرنا ہو گی۔ یہ عبارات قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل مصنفین کی تحریروں سے ہوں گی۔ **06 نمبر**

**سوال نمبر4:** اس سوال میں قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل شعرا کی نظمیہ شاعری سے زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے۔ جن میں سے ایک نظم پارے کی تشریح کرنا ہو گی۔ **07 نمبر**

**سوال نمبر5:** اس سوال میں قومی نصاب 23-2022ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل شعرا کی غزلیہ شاعری سے تین تین اشعار پر مشمل دو جز دیے جائیں گے جن میں سے ایک جز کی تشریح کرنی ہو گی۔ **3+3+3=9 نمبر**

**سوال نمبر6:** اس سوال میں درخواست نویسی شامل ہے۔ **05 نمبر**

**سوال نمبر7** رپورتاژ / تجزیاتی رپورٹ یا یادداشت میں سے کوئی ایک موضوع دیا جائے گا۔ **05 نمبر**

**نوٹ:** پرچے میں سوالات کے Cognitive Level کی شرح تقریباً یوں ہو گی:

سمجھنا 50٪ (Understanding)، یاد میں لانا 30٪ (Knowledge) اور لاگو کرنا 20٪ (Application)۔

ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

# اردو(لازمی)ایچ ایس ایس سی–I

(Curriculum 2022-2023)

## حصہ اوّل(کل نمبر20)

**وقت:25منٹ**

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.** *Do not use lead pencil*.

حصہ اول لازمی ہے اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Candidate Sign.**________ **Invigilator Sign.** ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

Q1. **Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

| سیریل نمبر | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | ”ضرورت مند“میں لفظ”مند“قواعد کی رو سے ہے: | لاحقہ | سابقہ | ترکیب | مرکب | O | O | O | O |
| ۲۔ | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے، کہلاتا ہے: | مطلع | مطلع ثانی | مطلع ثالث | مقطع | O | O | O | O |
| ۳۔ | ایسی صنفِ سخن اور مسلسل نظم جس کے ہر شعر میں دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں اور ہر دوسرے شعر میں قافیہ بدل جائے، کہلاتی ہے: | قصیدہ | مثنوی | مرثیہ | نظم معریٰ | O | O | O | O |
| ۴۔ | شاباش! علی تم نے کمال کر دیا۔<br>جملے میں "شاباش" قواعد کی رو سے ہے: | حرفِ عطف | حرف تحسین | حرف استعجابیہ | حرفِ تنبیہ | O | O | O | O |
| ۵۔ | مخمس کے ہر بند میں مصرعے ہوتے ہیں: | دو | تین | چار | پانچ | O | O | O | O |
| ۶۔ | وہ حروف جو خوشی یا مسرت کے موقعے پر بولے جاتے ہیں، کہلاتے ہیں: | حروف استفہام | حروف انبساط | حروف جار | حروف تاکید | O | O | O | O |
| ۷۔ | ”یہ بستہ“ قواعد کی رو سے مرکب ہے: | مرکب تام | مرکب ناقص | مرکب عطفی | مرکب اضافی | O | O | O | O |
| ۸۔ | صنف سخن ”قصیدہ“ کا لفظ ماخوذ ہے۔ | صدا سے | صد سے | قصد سے | قصص سے | O | O | O | O |
| ۹۔ | تف! ہے تم پر۔<br>یہ جملہ مثال ہے: | حروفِ استفہام کی | حروفِ نفرین کی | حروفِ تحسین کی | حروفِ تنبیہ کی | O | O | O | O |
| ۱۰۔ | حرف تاسّف کی مثال ہے: | ہائے ہائے! | ماشاءاللہ! | واہ واہ! | خبردار! | O | O | O | O |

| سیریل نمبر | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۔ | اگر غزل کا تیسرا شعر بھی مطلع کی طرز پر ہو، تو کہلائے گا: | مطلع | مطلع اُولیٰ | مطلع ثانی | مطلع ثالث | O | O | O | O |
| ۱۲۔ | ؎ اک روشن دماغ تھا، نہ رہا<br>شہر میں اک چراغ تھا، نہ رہا<br>یہ شعر علم بیان کے لحاظ سے ہے: | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ | O | O | O | O |
| ۱۳۔ | کوہ ہمالیہ کے پہاڑ بہت بلند ہیں۔<br>اس جملے میں غلطی ہے: | ساخت کی | محاورہ کی | روزمرہ کی | فعل کی | O | O | O | O |
| ۱۴۔ | دریا بہہ رہا ہے۔ یہ جملہ مثال ہے: | تشبیہ | استعارہ | مجازِ مرسل | کنایہ | O | O | O | O |
| ۱۵۔ | غزل کے مکمل ہونے کا احساس دلاتا ہے: | مطلع | مقطع | ردیف | قافیہ | O | O | O | O |
| ۱۶۔ | درج ذیل میں سے متضاد الفاظ کی جوڑی تلاش کریں۔ | حریف، حلیف | حریف، مخالف | حلیف، رقیب | حریف، خریف | O | O | O | O |
| ۱۷۔ | میرے سفید بالوں کا کچھ خیال کرو۔<br>اس جملے میں علم بیان کی کون سی خوبی موجود ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ | O | O | O | O |
| ۱۸۔ | بشر، انسان. دونوں الفاظ باہم ہیں۔ | مترادف | متضاد | ذو معنی | مُہمل | O | O | O | O |
| ۱۹۔ | تشبیہ میں کسی چیز کو دوسری چیز کی مانند قرار دیا جاتا ہے: | مشترک صفت کی بنا پر | حرف کی بنا پر | معنی کی بنا پر | غرض کی بنا پر | O | O | O | O |
| ۲۰۔ | اس نے دکان سے ایک کلو دہی خریدا۔<br>اس جملے میں دہی کی تذکیر و تانیث کس لفظ سے واضح ہے؟ | اس نے | دکان سے | ایک کلو | خریدا | O | O | O | O |

فیڈرل بورڈ امتحان برائے گیارھویں جماعت (HSSC-I)

ماڈل پرچہ اردو (لازمی)

(قومی نصاب 23-2022)

وقت: 2:35 گھنٹے | کل نمبر: 80

نوٹ: حصہ دوم، اور حصہ سوم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔ جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 48)

**سوال:2 (الف) نثر: عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** 6x4=24

پچھلے دنوں جب استاد منگو نے اپنی ایک سواری سے اسپین میں جنگ چھڑ جانے کی افواہ سنی تھی تو اس نے گاما چودھری کے چوڑے کاندھے پر تھپکی دے کر مدبرانہ انداز میں پیش گوئی کی تھی: ”دیکھ لینا گاما چودھری، تھوڑے ہی دنوں میں اسپین کے اندر جنگ چھڑ جائے گی۔“

جب گاما چودھری نے اس سے یہ پوچھا تھا کہ اسپین کہاں واقع ہے تو استاد منگو نے بڑی متانت سے جواب دیا تھا، ”ولایت میں اور کہاں؟“ اسپین کی جنگ چھڑی اور جب ہر شخص کو پتہ چل گیا تو اسٹیشن کے اڈے میں جتنے کوچوان حقہ پی رہے تھے دل ہی دل میں استاد منگو کی بڑائی کا اعتراف کر رہے تھے اور استاد منگو اس وقت مال روڈ کی چمکیلی سطح پر تانگہ چلاتے ہوئے کسی سواری سے تازہ ہندو مسلم فساد پر تبادلہ خیال کر رہا تھا۔

اس روز شام کے قریب جب وہ اڈے میں آیا تو اس کا چہرہ غیر معمولی طور پر تمتمایا ہوا تھا۔ حقے کا دور چلتے چلتے جب ہندو مسلم فساد کی بات چھڑی تو استاد منگو نے سر پر سے خاکی پگڑی اتاری اور بغل میں داب کر بڑے مفکرانہ لہجے میں کہا: ”یہ کسی پیر کی بد دعا کا نتیجہ ہے کہ آئے دن ہندوؤں اور مسلمانوں میں چاقو چھریاں چلتی رہتی ہیں اور میں نے اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ اکبر بادشاہ نے کسی درویش کا دل دکھایا تھا اور اس درویش نے جل کر یہ بد دعا دی تھی کہ جا تیرے ہندوستان میں ہمیشہ فساد ہی ہوتے رہیں گے اور دیکھ لو جب سے اکبر بادشاہ کا راج ختم ہوا ہے ہندوستان میں فساد پر فساد ہوتے رہتے ہیں۔“

**سوالات:**

i. منگو کے بقول اسپین کہاں واقع ہے نیز اس نے اسپین میں جنگ چھڑ جانے کی پیش گوئی کیوں کی تھی؟

ii. منگو کے چہرے کی تمتماہٹ کا پس منظر کیا تھا؟

iii. اڈّے کے کوچوان اچانک منگو کی تعریف کیوں کرنے لگے؟

iv. منگو کے خیال میں ہندوستان میں فسادات کی وجہ کیا تھی؟

v. منگو نے اپنے بڑوں سے کیا سنا تھا؟

vi. اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** عبارت کی تلخیص کریں۔

**(ب) حصہ نظم: درج ذیل نظمیہ اشعار پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔** 3x4=12

جہاں آزاد کر سکتے نہ ہوں تقریرِ آزادی — وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیرِ آزادی

مجھے ہر نامناسب بات پر تنقید کا حق ہے — مری تقریر سے تعبیر ہے تعمیرِ آزادی

مجاہد کوہ و دریا کی حدوں میں رہ نہیں سکتے — ہماری جنگ ہو گی، جنگِ عالم گیر آزادی

**سوالات:**

i۔ شاعر کی نظر میں ”تحقیرِ آزادی“ کیا ہے؟

ii۔ ”نامناسب بات“ سے کیا مراد ہے؟

iii۔ مجاہد کوہ و دریا کی حدوں میں کیوں نہیں رہ سکتے؟ **(یا)** شاعر نے تعمیرِ آزادی کو کس سے تعبیر کیا ہے؟

(ج) حصہ غزل: درج ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوال کا جواب تحریر کریں۔ 1x4=04

i۔ شکوۂ ظلمتِ شب سے تو کہیں بہتر تھا — اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے

ii۔ بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعت صحرا بھی نہیں

**سوالات:**

i۔ پہلے شعر میں "شکوۂ ظلمتِ شب" سے کیا مراد ہے؟ (یا) دوسرے شعر کا مفہوم واضح کریں۔

(د) حصہ قواعد: درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔ 2x4=08

i۔ مطلع اور مطلع ثانی کی تعریف کریں اور ایک ایک مثال بھی تحریر کریں۔

ii۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

میزان، کیچڑ، فلک، جھاڑو

(یا)

استعارہ کی تعریف کریں اور ایک مثال کے ذریعے ارکانِ استعارہ کی وضاحت کریں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 32)

**سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔** (6)

غزوۂ حنین سے واپس آ رہے تھے کہ راہ میں نماز کا وقت آ گیا۔ حسبِ دستور ٹھہر گئے، مؤذن نے اذان دی۔ ابو محذورہ جو اس وقت تک اسلام نہیں لائے تھے چند دوستوں کے ساتھ گشت لگا رہے تھے۔ اذان سن کر سب نے چلا چلا کر استہزا کے طور پر اذان کی نقل اُتارنی شروع کی۔ آں حضرت ﷺ نے سب کو بلوا کر ایک ایک سے اذان کہلوائی۔ ابو محذورہ رضی اللہ عنہ خوش لحن تھے۔ اُن کی آواز پسند آئی۔ سامنے بٹھا کر سر پر ہاتھ پھیرا اور برکت کے لیے دعا کی پھر ان کو اذان سکھلا کر ارشاد فرمایا کہ جاؤ اسی طرح حرم میں اذان دیا کرنا۔

(یا)

"چھوٹی دلھن کو مجھ سے سخت نفرت ہے، ٹھیک ہے، میں نے تم لوگوں کے لیے کچھ بھی نہ کیا، مگر اب وقت آیا تھا کہ اس گھر میں پہلی سی شادمانی لوٹ آتی، مجھے بڑی اچھی ملازمت دی جا رہی ہے، پھر دکانوں کو چلانے کے لیے دس پندرہ ہزار کی امداد بھی ملنے کی توقع ہے، میں چھوٹی دلھن کی سب شکایتیں رفع کر دوں گا"۔۔۔ انھوں نے عالیہ کو پیار سے تھپکا۔۔۔ "کیا گھر میں تیل ختم ہو گیا ہے؟ لالٹین کی روشنی مدھم ہوتی جا رہی ہے، اب ان شاء اللہ تھوڑے دنوں میں کنکشن بحال کرا لوں گا اور اب تم ایم اے میں داخلہ کیوں نہ لے لو۔ میرا خیال ہے کہ تم کو اگلے سال ضرور داخل کرا دوں۔"

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔** (7)

کس کا نظام راہ نما ہے اُفق اُفق
کس کا دوام گونج رہا ہے اُفق اُفق
شانِ جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل
رنگِ جمال کس کا جما ہے اُفق اُفق
مکتوم کس کی موج کرم ہے صدف صدف
مرقوم کس کا حرفِ وفا ہے اُفق اُفق

(یا)

خدا کرے کہ میری ارضِ پاک پر اُترے
وہ فصلِ گل جسے اندیشۂ زوال نہ ہو
یہاں جو پھول کھلے وہ کِھلا رہے برسوں
یہاں خزاں کو گزرنے کی بھی مجال نہ ہو
یہاں جو سبزہ اُگے وہ ہمیشہ سبز رہے
اور ایسا سبز کہ جس کی کوئی مثال نہ ہو

**سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔** (3+3+3=9)

آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں
بات یہ ہے کہ سکون دل وحشی کا مقام

(یا)

بادباں کھلنے سے پہلے کا اشارہ دیکھنا
میں سمندر دیکھتی ہوں تم کنارہ دیکھنا
یوں بچھڑنا بھی بہت آساں نہ تھا اس سے مگر

کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعت صحرا بھی نہیں
ارے صیاد ہمیں گل ہیں ہمیں بلبل ہیں
تو نے کچھ آہ سنا بھی نہیں دیکھا بھی نہیں

جاتے جاتے اس کا وہ مڑ کر دوبارہ دیکھنا
کس شباہت کو لیے آیا ہے دروازے پہ چاند
اے شبِ ہجراں! ذرا اپنا ستارہ دیکھنا

**سوال نمبر6:** اپنے علاقے میں کالج کے قیام کے لیے وزیر تعلیم کے نام درخواست لکھیں۔ (5)

**سوال نمبر7:** ایک محفل مشاعرہ کی رپورتاژ لکھیے۔ (5)

Federal Board HSSC-I Examination

## ماڈل پرچہ برائے گیارھویں جماعت

قومی نصاب 23-2022

### سوالات کی حاصل تعلم کے ساتھ مطابقت / تعلق

| نمبر شمار | حصہ: سوال نمبر۔ (جزو نمبر) | مہارت | حاصلات تعلم | وقوفی میدان cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | سوال نمبر ا: | | حصہ اوّل | | |
| 1 | i. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[12] سابقوں اور لاحقوں کا تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| 2 | ii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[17] نظم / غزل کے عناصر (مصرع، مصرع اولیٰ، مصرع ثانی، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع، مطلع ثانی) کو شناخت کر سکیں اور ان کا شاعرانہ استعمال سمجھ سکیں اور شاعری میں اس کے استعمال کے فہم کو وسعت دے سکیں۔ | K | 1 |
| 3 | iii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[15] نظم بہ لحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، ہجو، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ، مثنوی) کی شناخت کر سکیں۔ | K | 1 |
| 4 | iv. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[08] [08-الف] حروفِ فجائیہ: تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کرتے ہوئے استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| 5 | v. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E- [16] نظم بہ لحاظِ ہئیت (غزل، مخمس، مسدس) میں امتیاز کر سکیں۔ | K | 1 |
| 6 | vi. | قواعد / زبان شناسی | [08-الف] حروفِ فجائیہ: تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کرتے ہوئے استعمال کر سکیں۔ | K | 1 |
| 7 | vii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[10] [10-الف] مرکبِ ناقص کی اقسام (توصیفی، اضافی، عطفی) کے فرق کو سمجھتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | K | 1 |
| 8 | viii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[15] نظم بہ لحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، ہجو، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ، مثنوی) کی شناخت کر سکیں۔ | K | 1 |
| 9 | ix. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[10]<br>[08-الف] حروفِ فجائیہ: تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کرتے ہوئے استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| 10 | x. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[10][10-الف] تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا، قسم) کی نشان دہی کرتے ہوئے استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | xi. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[17] نظم/غزل کے عناصر (مصرع، مصرع اولیٰ، مصرع ثانی، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع، مطلع ثانی) کو شناخت کر سکیں اور ان کا شاعرانہ استعمال سمجھ سکیں اور شاعری میں اس کے استعمال کے فہم کو وسعت دے سکیں۔ | K | 1 |
| 12 | xii. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[18] اصنافِ نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان:** استعارہ اور ارکانِ استعارہ، تشبیہ اور ارکان تشبیہ، کنایہ، مجاز مرسل | U | 1 |
| 13 | xiii. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[13] جملے کی ساخت، بناوٹ، روزمّرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات/جملوں کی درستی کر سکیں۔ | U | 1 |
| 14 | xiv. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[18] اصنافِ نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان:** استعارہ اور ارکانِ استعارہ، تشبیہ اور ارکان تشبیہ، کنایہ، مجاز مرسل | A | 1 |
| 15 | xv. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[17 نظم/غزل کے عناصر (مصرع، مصرع اولیٰ، مصرع ثانی، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع، مطلع ثانی) کو شناخت کر سکیں اور ان کا شاعرانہ استعمال سمجھ سکیں اور شاعری میں اس کے استعمال کے فہم کو وسعت دے سکیں۔ | K | 1 |
| 16 | xvi. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[03] متضاد الفاظ کی جوڑیاں شناخت کرتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| 17 | xvii. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[18] اصنافِ نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان:** استعارہ اور ارکانِ استعارہ، تشبیہ اور ارکان تشبیہ، کنایہ، مجاز مرسل | U | 1 |
| 18 | xviii. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[04] مترادف الفاظ کو شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔ | A | 1 |
| 19 | xix. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[18] اصنافِ نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان:** استعارہ اور ارکانِ استعارہ، تشبیہ اور ارکان تشبیہ، کنایہ، مجاز مرسل | U | 1 |
| 20 | xx. | قواعد/زبان شناسی | SLO: U-11-E-[02] تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے زبان میں ہونے والی تبدیلیوں کو روزمّرہ گفت گو اور تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| | | | **حصہ دوم** | | |
| | سوال ۲ (جز: الف) | مہارت | حاصل تعلم | وقوفی میدان cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
| 21 | i. | پڑھنا | SLO: U-11-C-[16]<br>کسی بھی نثر پارے/نظم میں موضوعات کی شناخت کرتے ہوئے مصنف اور قارئین کے نقطہ نظر کے ساتھ اس کی وضاحت کے لئے اپنی رائے کا اظہار کر سکیں۔ | K | 4 |
| 22 | ii. | | | U | 4 |
| 23 | iii. | | | U | 4 |
| 24 | iv. | | | K | 4 |
| 25 | v. | | | K | 4 |
| 26 | vi. | لکھنا | SLO: U-11-D-[05] کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف/شاعر اور قاری کے نقطہ ء نظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔<br>یا | A/A | 4/4 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | SLO: U-11-D-[13] منتخب اقتباسات کی تلخیص نویسی کر سکیں۔ | | |
| **سوال ۲ (جز: ب)** | | | | | |
| 27 | i. | پڑھنا | SLO: U-11-C-[28]<br>متن پڑھ کر خیالات، آرا اور رویّوں کا آپس میں تعلق سمجھتے ہوئے اس پر تبصرہ و تجزیہ کر سکیں۔ | U | 4 |
| 28 | ii. | پڑھنا | SLO: U-11-C-[28]<br>متن پڑھ کر خیالات، آرا اور رویّوں کا آپس میں تعلق سمجھتے ہوئے اس پر تبصرہ و تجزیہ کر سکیں۔ | U | 4 |
| 29 | iii. | | | U/U | 4/4 |
| **سوال ۲ (جز: ج)** | | | | | |
| 30 | i. | پڑھنا<br>لکھنا | SLO: U-11-C-[16] کسی بھی نثر پارے / نظم میں موضوعات کی شناخت کرتے ہوئے اس کی وضاحت کے لیے اپنی رائے کا اظہار کر سکیں۔<br>**(یا)**<br>SLO: U-11-D-[03] نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | U/U | 4/4 |
| **سوال ۲ (جز: د)** | | | | | |
| 31 | i. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[17]<br>نظم / غزل کے عناصر (مصرع، مصرعِ اولیٰ، مصرع ثانی، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع، مطلع ثانی) کو شناخت کر سکیں اور ان کا شاعرانہ استعمال سمجھ سکیں اور شاعری میں اس کے استعمال کے فہم کو وسعت دے سکیں۔ | K+U | 2+2=4 |
| 32 | ii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[02]<br>تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے زبان میں ہونے والی تبدیلیوں کو روزمرّہ گفت گو اور تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔<br>**(یا)**<br>SLO: U-11-E-[18] اصنافِ نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان:** استعارہ اور ارکانِ استعارہ، تشبیہ اور ارکان تشبیہ، کنایہ، مجاز مرسل | K+A<br>K+A | 2+2=4<br>2+2=4 |
| **حصہ سوم** | | | | | |
| | | مہارت | حاصل تعلم | وقوفی میدان<br>cognitive<br>Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
| 33 | سوال ۳ | پڑھنا | SLO: U-11-C-[10]<br>پڑھے گئے متن کے کسی حصے کو دہراتے ہوئے حوالوں اور دلائل کے ساتھ اظہار رائے کرتے ہوئے متعلقہ حصے پر جزئیات کے ساتھ تبصرہ پیش کر سکے۔ | U<br>A | 3<br>3 |
| 34 | سوال ۴ | پڑھنا | SLO: U-11-C-[17]<br>کسی بھی نظم کو پڑھ کر حوالوں کے ساتھ اس کے اشعار کی تشریح کرتے ہوئے تنقید و تبصرہ کر سکیں۔ | U<br>A | 4<br>3 |
| 35 | سوال ۵ | لکھنا | SLO: U-11-D-[03] | U<br>A | 5<br>4 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | | | |
| 3<br>2 | K<br>A | SLO: U-11-D-[09] درخواست تحریر کر سکیں۔ | لکھنا | سوال٦ | 36 |
| 3<br>2 | K<br>A | SLO: U-11-D-[11] رپورتاژ، تجزیاتی رپورٹ اور یادداشت کے درمیان فرق کو سمجھتے ہوئے ان کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ | لکھنا | سوال٧ | 37 |

*Cognitive Level
K: Knowledge
U: Understanding
A: Application

# Table of Specification

## Model Question Paper Urdu (Compulsory) – Grade XI (HSSC-I)

| مہارت/موضوع<br>وقوفی میدان | پڑھنا | لکھنا | قواعد/زبان شناسی | کل نمبر | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|
| یاد میں لانا<br>30٪ | 2الف(i)(4)، 2الف(iv)(4)،<br>2الف(v)(4)، 3(3) | 6(3)، 7(3) | 1(ii)(1)، 1(iii)(1)، 1(v)(1)، 1(vi)(1)، 1(vii)<br>(1)، 1(viii)(1)، 1(xi)(1)، 1(xv)(1)،<br>2د(i)(2)، 2د(ii/f)(2)، 2د(ii/s)(2) | **35** | **30.1%** |
| سمجھنا<br>50 ٪ | 2الف(ii)(4)، 2الف(iii)(4)<br>2ب(i)(4)، 2ب(ii)(4)،<br>2ب(iii/f)(4)، 2ب(iii/s)(4)،<br>2ج(i/f)(4)، 4(4) | 2ج(i/s)(4)<br>5(5)، | 1(i)(1)، 1(iv)(1)، 1(ix)(1)، 1(x)(1)،<br>1(xii)(1)، 1(xiii)(1)،<br>1(xvi)(1)، 1(xvii)(1)، 1(xiv)(1)، 1(xx)(1)<br>2د(i)(2)، 2د(ii/f)(2)، 2د(ii/s)(2) | **57** | **49.2 %** |
| اطلاق/لاگو کرنا<br>20٪ | 2الف(vi/f)(4)، 2الف(vi/s)(4)<br>3(3)، 4(3) | 5(4)، 6(2)<br>7(2) | 1(xiv)(1)، 1(xviii)(1) | **24** | **20.7 %** |
| کل نمبر | **61** | **23** | **32** | **116** | |
| کل فیصد | **52.4%** | **19.9%** | **27.7%** | | **100%** |

**Note:**

1 This ToS does not reflect policy, but it is particular to this model question paper.
2 Proportionate / equitable representation of the content areas as per the defined ranges may be ensured.
3 The percentage of cognitive domain is 30%, 50%, and 20% for knowledge, understanding, and application, respectively with ± **5%** variation.
4 While selecting alternative questions for Short Response Questions (SRQs) and Extended Response Questions (ERQs), it must be kept in mind that:
- Cognitive level of both the questions should be same
- SLOs of both the alternative questions must be different

**Key:** Question Number (part/ first choice) marks example: **Q2 ( i / f ) 2**
Question Number (part/ second choice) marks example: **Q2 ( i / s) 2**

111 032 473

For more information, please visit
www.fbise.edu.pk

/ Federal.BISE.Official

/ FBISEOfficial

/ fbise.official